سوال

(306) کیا باوضو ہو کر بستر پر لیٹنا چاہیے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رات کو سوتے وقت باوضو ہو کر بستر پر لیٹنا چاہیے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح البخاری میں براء بن عازب رضی اللہ عنہ کے بارے میں کتاب الوضو کے اندر حدیث ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا کہ

"جب تم سونے کے لئے اپنے بستر پر آؤ تو وضو کرو جیسے تم نماز کے لئے وضو کرتے ہو۔"

اس صحیح حدیث سے معلوم ہوا کہ ہمیں یہ کوشش کرنی چاہیے کہ باوضو ہو کر سوئیں اور جو آدمی باوضو ہو کر مسنون دعائیں پڑھ کر سوتا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ اسے کئی ایک شیطانی وسوسوں سے بچا لیتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الادب، صفحہ: 394

محدث فتویٰ